# پاکستان تحریک انصاف کے کارکنان، ذمہ داران، ٹکٹ ہولڈرز اور ان کے اہلِ خانہ کی جبری گمشدگیوں کا معاملہ

پاکستان تحریک انصاف کی چیف جسٹس آف پاکستان سے جبری طور پر لاپتہ کیے گئے تمام پاکستانیوں کی فوری بازیابی کی استدعا

ہر شہری کو فیئر ٹرائل کا بنیادی حق دیتا ہے، کورکمیٹی تحریک انصاف A-دستور کا آرٹیکل 10

آئین و قانون کی حامل کسی ریاست میں شہریوں کو جبری لاپتہ کرنے یا ان کے خلاف ماورائے قانون اقدامات کی قطعاً کوئی گنجائش نہیں، کورکمیٹی تحریک انصاف

پاکستان میں فی الوقت آئین و قانون مکمل معطل اور قانونِ جنگل رائج ہے، کورکمیٹی تحریک انصاف

ریاستی مشینری کی جانب سے جبری گمشدگیوں اور ماورائے قانون اقدامات کو تحریک انصاف کو کچلنے کیلئے استعمال کیا جارہا ہے، کورکمیٹی تحریک انصاف

تحریک انصاف کے کارکنان/قائدین کو جبری گمشدہ کرنا یا غیرقانونی طور پر حراست میں رکھنا معمول بن چکا ہے، کورکمیٹی تحریک انصاف

عدالتیں جبری طور پر لاپتہ کیے گئے کارکنان/قائدین کو بازیاب کروانے اور تحریک کے وابستگان کیخلاف ریاستی مشینری کے ماورائے قانون اقدامات کے آگے بند باندھنے میں ناکام ہورہی ہیں، کورکمیٹی تحریک انصاف

ظہور مشوانی کے بعد صداقت عباسی اور عثمان ڈار بھی جبری طور پر لاپتہ ہیں، کورکمیٹی تحریک انصاف

تحریک انصاف جنوبی پنجاب کے صدر سینیٹر عون عباس بپّی جبری لاپتہ کیۓ جانے کے بعد تحریک انصاف سے علیحدگی کے جبری اعلان کے بعد ہی منظرِ عام پر آسکے، کورکمیٹی تحریک انصاف

ملک کے نامور صحافی عمران ریاض متعدد عدالتی سماعتوں کے باوجود اب تک جبری طور پر گم ہیں اور عدالت و انتظامیہ بازیاب کروانے میں ناکام ہیں، کورکمیٹی تحریک انصاف

چیف جسٹس آف پاکستان بنیادی انسانی و آئینی حقوق اور ملک میں قانون کی حکمرانی کیلیۓ اس بدترین صورتحال کا فوری نوٹس لیں، کورکمیٹی تحریک انصاف

جبری طور پر لاپتہ کیۓ گیۓ تحریک انصاف کے کارکنان اور شہریوں کا معاملہ یکجا کرکے از خود نوٹس لیا جائے اور عدالتِ عظمیٰ خود اس معاملے کو دیکھے، کورکمیٹی تحریک انصاف

چیف جسٹس کسی ضابطے اور قانون سے آزاد وحشیانہ ہتھکنڈوں کے ذریعے ملک میں جنگل کے قانون کے فروغ میں مصروف ریاستی مشینری کو آئین و قانون کے دائرے میں لانے کا فریضہ سرانجام دیں، کورکمیٹی تحریک انصاف

ترجمان تحریک انصاف